ہدیۃ العروس ، ازدواجی زندگی وخانگی احکام و مسائل، تالیف: حافظ مبشرحسین۔ ناشر: مبشر اکیڈمی، مکان ۱۱، گلی ۲۱، مکھن پورہ، نزد نیوشاد باغ، لاہور۔ صفحات: ۴۸۸۔ قیمت: ۳۵۰ روپے۔

حافظ مبشرحسین نے بڑی محنت سے 'ازدواجی زندگی' کے تمام مسائل اور پہلوؤں کا احاطہ کیا ہے۔ان کی اس تحقیق میں جدت بھی پائی جاتی ہے۔ بالخصوص انھوں نے میاں بیوی کی عائلی زندگی کے موضوع پر قلم اٹھایا ہے۔ اس حوالے سے پائے جانے والے بیش تر اشکالات کا علمی اور شرعی دلائل کی روشنی میں حل پیش کیا ہے۔

مصنف نے وسیع تناظر میں تمام مسائل کا احاطہ کیا ہے۔ ولی کی اجازت کا مسئلہ، مہر کی مقدار، غلط رسومات، تقریبات شادی میں غیراسلامی اقدار کا رجحان، جہیز کا مسئلہ، نکاح حلالہ، وٹہ سٹہ، تعدد ازدواج اور خاندانی منصوبہ بندی تمام ہی موضوعات پر بحث کی گئی ہے۔ مشترکہ خاندانی نظام کے نتیجے میں جنم لینے والے مسائل کا حل بھی پیش کیا گیا ہے۔ بہت سے دین دار گھرانوں میں اسے مقدس سمجھا جاتا ہے حالانکہ یہ اسلام کا تقاضا نہیں۔ اس کتاب کا مطالعہ کسی بھی شادی شدہ جوڑے کے لیے مفید ہوگا۔ بلوغ کے مسائل سے دوچار نوجوان بھی اس سے فائدہ اٹھاسکتے ہیں۔ کتاب کی طباعت معیاری ہے۔اس میں بہت سی ایسی معلومات ہیں جو عموماً دستیاب نہیں۔ مصنف اس کاوش پر مبارک باد کے مستحق ہیں۔ (عبدالمالک ہاشمی)

۱-**بلوچستان: چند پہلو**، ڈاکٹر انعام الحق کوثر۔ ۲-**نقوشِ بلوچستان**، ڈاکٹر انعام الحق کوثر۔ ۳-**بلوچستان میں تعلیم**، پروفیسر انوررومان۔ ناشر: ادارہ تصنیف وتحقیق بلوچستان، کوئٹہ۔ صفحات: ۹۷، ۱۹۸، ۱۵۵۔ قیمت علی الترتیب: ۱۲۰، ۲۵۰، ۲۵۰ روپے۔

پروفیسر ڈاکٹر انعام الحق کوثر اُردو اور فارسی کے نام ور اور اَن تھک مصنف، محقق اور ادیب ہیں۔ان کی عمر کا زیادہ تر حصہ بلوچستان کے مختلف کالجوں میں تدریسی اور انتظامی مصروفیات میں گزرا۔ ریٹائرمنٹ کے بعد ان کی توجہ تصنیف وتالیف پر مرکوز رہی۔ وہ اب تک تصنیف وتالیف اور تحقیق اور ترجمے کی ۱۰۹ چھوٹی بڑی کتابیں شائع کرچکے ہیں۔ان کے برادرِ بزرگ پروفیسر محمد انور